

### USCIS کیس میں کون میری مدد کر سکتا ہے؟

آپ USCIS کے روبرو ہمیشہ اپنے آپ کو پیش کر سکتے ہیں۔ بہت سے لوگ، بشمول خاندان کے افراد، آپ کی فراہم کردہ معلومات پر USCIS فارم پُر کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے تیار ہوں گے۔ ہو سکتا ہے یہ لوگ اسے مفت کر دیں یا کچھ پیسے وصول کریں۔ تاہم، صرف مخصوص تربیت یافتہ افراد آپ کو قانونی مشاورت فراہم کر سکتے ہیں یا USCIS کے سامنے آپ کی نمائندگی کر سکتے ہیں۔

قانونی مشاورت میں شامل ہو سکتا ہے:

- آپ کے امیگریشن فارم کے سوالات کے جواب کیسے دینے ہیں؛ اور
- آپ کے پاس کون سے امیگریشن اختیارات ہوں گے۔

قانونی طور پر، وہ لوگ جو آپ کی قانونی مشاورت یا USCIS کے روبرو آپ کی نمائندگی کر سکیں وہ ہیں:

- اٹارنی؛ اور
- غیر اٹارنی نمائندگان جو بورڈ آف امیگریشن اپیل (BIA) سے منظور شدہ ہوں۔

اٹارنی اور BIA منظور شدہ نمائندگان کے بارے میں مزید معلومات کے لیے www.uscis.gov/avoidscams ملاحظہ کریں۔

اٹارنی کی براہ راست ہدایت میں، منظور شدہ نمائندہ، یا بعض صورتوں میں شعبہ کا رکن، بعض قانونی طلبہ اور لاء اسکول کے گریجویٹ جو ریاستہائے متحدہ امریکہ کے لاء اسکول سے منظور شدہ ہوں آپ کو امیگریشن کے مسئلہ پر قانونی مشاورت دے سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ طلبہ اور گریجوئیٹ خدمات کا معاوضہ وصول نہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے www.uscis.gov/avoidscams ملاحظہ کریں۔

"Notarios"، نوٹری پبلک اور امیگریشن کنسلٹنٹ شاید قانونی مشاورت فراہم کرنے سے قاصر ہوں یا USCIS کے آگے نمائندگی نہ کر سکتے ہیں۔ بعض ممالک میں، تمام "نوٹری" اٹارنی ہوتے ہیں۔ ریاستہائے متحدہ امریکہ میں ایسا نہیں ہے۔ ریاستہائے امریکہ میں نوٹری پبلک کے لیے اٹارنی ہونا ضروری نہیں اور نہ ہی ان کے پاس دوسرے ممالک کے "نوٹری" کی طرح قانونی مشورہ دینے کا اختیار ہوتا ہے۔

### میں کس طرح ایک مفت یا کم معاوضے پر اٹارنی یا BIA تصدیق شدہ نمائندہ ڈھونڈھ سکتی/ سکتا ہوں؟

مفت یا کم معاوضے پر قانونی خدمات کی فہرست کے لیے www.uscis.gov/avoidscams ملاحظہ کریں یا USCIS کو 1-800-375-5283 پر کال کریں۔

### میں کیسے جان سکتی/ سکتا ہوں کہ جو شخص میری مدد کر رہا ہے وہ قانونی مشاورت فراہم کرنے کا مجاز ہے؟

ایک اٹارنی یا BIA سے منظور شدہ نمائندے کی توثیق کے لیے کہ آیا وہ USCIS کے سامنے آپ کی نمائندگی کا اہل ہے یا نہیں، کے بارے میں معلومات کے لیے www.uscis.gov/avoidscams ملاحظہ کریں۔ یہ جاننے کے لیے کہ کوئی BIA تصدیق شدہ نمائندہ ہے، آپ مقامی USCIS دفتر کا دورہ کر سکتے ہیں یا BIA کی ویب سائٹ www.justice.gov/eoir/statspub/raroster.htm پر موجودہ تسلیم شدہ اشخاص کی فہرست دیکھ سکتے ہیں۔

### امیگریشن میں بعض کون سے عام دھوکے ہیں؟

دھوکے باز اکثر ایسے وعدے کرتے ہیں جو سچ ہونے کے لیے بہت اچھے لگتے ہیں۔ وہ کہہ سکتے ہیں کہ ان کا حکومت کے ساتھ ایک خاص تعلق ہے، یا آپ کو بہت جلد گرین کارڈ کی طرح امیگریشن کا فائدہ یا کام کی اجازت دلوا سکتے ہیں، یا آپ کو وہ فائدے دلوا سکتے ہیں جن کے آپ اہل نہ ہوں۔

بعض اوقات وہ ویب سائٹ جو بہت ہی پیشہ ورانہ لگتی ہیں آپ کو اس دھوکے کی جانب لے جا سکتی ہیں۔ دھوکے باز فون بک، پرچوں اور یا اسٹور پر اشتہار بازی بھی کرتے ہیں۔ وہ میڈیا کے ذریعہ ریڈیو اسٹیشن یا اخبارات میں اشتہار دینے کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ انہیں آپ کا کوئی جاننے والا بھی تجویز کر سکتا ہے۔ احتیاط برتیں۔ کسی ایسے شخص کے پاس جانے سے پہلے جو امیگریشن مشاورت بیچ رہا ہو، پہلے یہ جانیں کہ وہ اٹارنی یا BIA تصدیق شدہ نمائندہ ہے۔

### اگر میں دھوکے کا شکار ہو گیا ہوں تو میں کیا کر سکتا ہوں؟

اگر آپ یا کوئی اور جسے آپ جانتے ہیں دھوکے کا شکار ہوا ہے، اس کے بارے میں وفاقی ٹریڈ کمیشن (FTC) کو www.ftc.gov/complaint یا 1-877-382-4357 پر مطلع کریں۔ آپ امیگریشن کے حوالے سے دھوکہ دہی کی رپورٹ ریاست کے اٹارنی جنرل کے دفتر، دوسری ریاستی ایجنسیوں یا مناسب ریاستی بار ایسوسی ایشن کو بھی کر سکتے ہیں۔

امیگریشن میں دھوکہ بازی کی ممانعت کے لیے قوانین موجود ہیں۔ اپنی ریاست میں قانون کے بارے میں جاننے کے لیے اور دھوکے کی اطلاع کے بارے میں سیکھنے کے لیے www.uscis.gov/avoidscams پر جائیں۔

امیگریشن کے دھوکے سے اپنے خاندان اور اپنے آپ کو محفوظ رکھیں۔ حقائق جانیں اور قانونی معاونت حاصل کرنے کے لیے www.uscis.gov/avoidscams ملاحظہ کریں یا USCIS کو 1-800-375-5283 پر کال کریں۔

> آپ ہمیشہ اپنے کیس کے بارے میں ریاستہائے امریکہ کی شہریت اور امیگریشن خدمات (USCIS) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ نے کسی کو اپنی نمائندگی کے لیے منتخب کیا ہے، براہ مہربانی اس بات کا خیال رکھیں کہ امیگریشن کے مسئلے یا آپ کی USCIS کے روبرو نمائندگی کے لیے صرف چند لوگ قانونی مشاورت فراہم کر سکتے ہیں۔



بعض اوقات، لوگ آپ کو دھوکہ دینے اور آ پ کے پیسے لینے کے لیے خود کو "امیگریشن ماہرین" ظاہر کرتے ہیں۔ یہ خلاف قانون ہے۔




## یاد رکھنے کی باتیں

- ☑ امیگریشن معلومات سرکاری حکومتی ویب سائٹ سے حاصل کریں۔ وفاقی حکومتی ایجنسیوں کے لیے ویب پتوں میں، ".gov" نہیں".com" شامل ہے۔
- ☑ جب کوئی امیگریشن فارم پر کرنے میں آپ کی مدد کرتا ہے تو اس سے ادائیگی کی رسید حاصل کریں۔
- ☑ توثیق کریں کہ جو شخص آپ کو قانونی مشورہ فراہم کر رہا ہے اور USCIS کے روبرو آپ کی نمائندگی کر رہا ہے وہ ایک اٹارنی یا BIA تصدیق شدہ نمائندہ ہے۔
- ☑ USCIS کی جانب سے تمام خطوط ایک محفوظ جگہ پر رکھیں۔ ہمیشہ اپنے لیے تیار کی گئی اور بھیجی گئی تمام دستاویزات کی نقول حاصل کریں اور اپنی USCIS رسیدگی کی اطلاع کی نقل اپنے پاس رکھیں۔ یہ رسید اس بات کا ثبوت ہے کہ USCIS کو آپ کی درخواست موصول ہو گئی ہے۔
- ☑ دائر کرنے کی فیس اور دیگر ضروریات کے لیے USCIS فارم پر ہدایات کا جائزہ لیں۔
- ☑ اپنے کیس کی حالت کا مفت جائزہ لینے کے لیے www. uscis.gov یا 1-800-375-5283 پر کال کر کے حاصل کریں.
- ☑ غیر قانونی سرگرمی یا امیگریشن میں دھوکہ دہی کی اطلاع FTC، ریاستی اٹارنی دفتر یا اپنی ریاستی بار ایسوسی ایشن کو کریں۔
- ☑ USCIS کے خالی فارم کے لیے کوئی پیسہ ادا نہ کریں۔ USCIS کے تمام فارم مفت ہیں اور www.uscis.gov یا USCIS کے مقامی دفتر پر دستیاب ہیں۔
- ☑ خالی فارم پر دستخط نہ کریں۔ دستخط کرنے سے پہلے یقین دہانی کر لیں کہ تمام فارم پر ہیں۔
- ☑ غلط معلومات والے فارم پر دستخط نہ کریں۔ یقین دہانی کریں کہ تمام معلومات حقیقی اور درست ہیں۔ اسے سے پہلے کہ آپ ان پر دستخط کریں۔
- ☑ اپنی اصل دستاویزات کسی کے حوالے نہ کریں۔
- ☑ ایسی دستاویزات پر دستخط نہ کریں جو آپ کی سمجھ سے بالا تر ہوں۔ کسی بھی امیگریشن فارم پر دستخط کرنے سے پہلے، اسےاحتیاط سے پڑھیں اور یقین دہانی کر لیں کہ آپ اسے سمجھتے ہیں۔

امیگریشن مدد کی تلاش کے دوران، غلط معاونت نقصان دہ ہو سکتی ہے۔

حقاق جانیں اور قانونی معاونت حاصل کرنے کے لیے www.uscis.gov/avoidscams ملاحظہ کریں یا USCIS کو 1-800-375-5283 پر کال کریں۔






# غلط معاونت تکلیف دہ ہو سکتی ہے

## امیگریشن دھوکوں سے چوکنا رہیں

U.S. Citizenship and Immigration Services

M-712 - Urdu (05/11)

دیگر لوگ آپ کے فارم پر کرنے کے لیے پیشکش کر سکتے ہیں اور ان کی نیت اچھی ہو سکتی ہے، لیکن وہ امیگریشن قانون یا کاروائی فراہم کرنے کے اہل نہیں۔